ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

سی ٹی ڈی کے جملہ امور واقدامات کے حوالے سے سی پی او (CPO) میں دوروزہ بین الصوبائی رابطہ کانفرنس کا انعقاد۔

تمام صوبوں کے CTD سربراہان نے کانفرنس میں شرکت کی۔

کراچی 12 نومبر 2021ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں سی ٹی ڈی کی پیشہ وارانہ صلاحیت اور استعداد کے فروغ کے حوالے سے دوروزہ بین الصوبائی رابطہ کانفرنس / سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔اس خصوصی سیمینار کی میزبانی ڈی آئی جی سی ٹی ڈی عمر شاہد نے کی جبکہ دیگر صوبوں / اسلام آباد میں سی ٹی ڈی کے تحت فرائض پر مامور سینئر افسران بھی کانفرنس میں موجود تھے۔

ترجمان CTD کیمطابق بین الصوبائی رابطہ کانفرنس / سیمینار کے انعقاد کا مقصد سی ٹی ڈی کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں، استعداد کار، ٹیکنیکل اور ڈیجیٹل آلات کے استعمال، تربیتی امور واقدامات سمیت ڈیٹا بیس کو مشترکہ حکمت عملی کے تحت مزید ٹھوس اور غیر معمولی بنانا ہے تاکہ دہشت گردی یا دیگر سنگین جرائم کے انسدادی اقدامات کو باہم ملکر انتہائی موثر اور فول پروف بنایا جاسکے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔